© rasailojaraid.com

اور اپنے عمل سے مسیح کی بھرپور محبت کا اظہار جاری رکھیں۔ لوگ ان کے ساتھ مقدس تعلیمات میں شریک ہو رہے ہیں۔ اور نئے اہل ایمان کی تعداد میں اضافہ کرنے میں ان کی مدد کر رہے ہیں۔ لیکن وہ بہت محتاط ہیں تاہم وہاں مواقع موجود ہیں اور دروازہ کھلا ہوا ہے۔

## پاکستان: شریعت بل کے خلاف بشپوں کا احتجاج

رومن کیتھولک اور (یونائیٹڈ) چرچ آف پاکستان کے بشپوں نے سینٹ (ایوان بالا) کی طرف سے شریعت بل کی منظوری پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم کے نام اپنے ایک خط میں بشپوں نے کہا ہے کہ شریعت بل کی منظوری، عیسائیوں پر اسلامی قانون لاگو کرنے کی کوشش ہے، جنہیں پارلیمنٹ میں نمائندگی حاصل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ "نمائندگی کے بغیر قانون سازی جبر ہے"۔ انہوں نے بل کو "اظہار خیال اور تعلیم کی آزادی میں مداخلت" قرار دیا۔ (رپورٹ: اکومینیکل پریس سروس)

# یورپ / امریکہ

## اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلق قائم کرنے کے لیے ویٹیکن پر دباؤ

کیتھولک۔ یہود تعلقات پر ویٹیکن کے ایک مشیر نے خبردار کیا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ کے مسائل کے کسی مجموعی حل سے قبل ویٹیکن نے اگر اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار کر لیے تو اس سے عرب ممالک میں عیسائی برادریوں کو ان کی متعلقہ حکومتوں کی جانب سے "سخت مشکلات" کا سامنا کرنا پڑے گا۔

روم کے معاون بشپ پیئٹرو روسانو نے، جو یہودیوں کے ساتھ مذہبی تعلقات کے ویٹیکن کمیشن کے مشیر ہیں، میلان کے ایک روزنامے کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ چرچ کو اپنے ارکان کی تشویش پر پوری توجہ کے ساتھ دھیان دینا چاہیے۔ خصوصاً ان ارکان کی تشویش پر جن کا تعلق شام، مصر اور عراق کے ساتھ ہے۔

بشپ روسانو نے کہا ہے کہ ویٹیکن "عرب دنیا کی کیتھولک برادریوں کو نظر انداز کر کے اسرائیل کے ساتھ تعلقات نہیں قائم کر سکتا۔" انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہولی سی HOLY SEE جب مشرقِ وسطیٰ کے عیسائیوں کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے کہ وہ اسرائیل کے ساتھ مل جل کر



© rasailojaraid.com